[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No...............**

| | | | |
|---|---|---|---|
| **Sr. No. of Question Paper** | : | **3056** | **D** |
| Unique Paper Code | : | 2142101102 | |
| Name of the Paper | : | Study of Urdu Non fiction | |
| Name of the Course | : | **B.A (H) Urdu** | |
| Semester | : | I | |

Duration : 3 Hours　　　　Maximum Marks : 90

**<u>Instructions for Candidates</u>**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: صرف چھ سوالوں کے جواب لکھیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

1۔ مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک حصہ کی تشریح مع سیاق وسباق کیجیے۔

**(الف)**

آپ جانتے ہیں کہ وہ کون سی چیز ہے جو مجھے یہاں لے آئی ہے۔ میرے لیے شاہجہاں کی اس یادگار مسجد میں یہ اجتماع کوئی نئی بات نہیں ہے۔

میں نے اس زمانے میں جس پر لیل ونہار کی بہت سی گردشیں بیت چکی ہیں، یہیں سے خطاب کیا تھا، جب تمہارے چہروں پر اضمحلال کے بجائے اطمینان تھا اور تمہارے دلوں میں شک کی بجائے اعتماد۔ آج تمہارے چہروں کا اضطراب اور دلوں کی ویرانی دیکھتا ہوں، تو مجھے بے اختیار پچھلے چند برسوں کی بھولی بسری کہانیاں یاد آجاتی ہیں۔ تمہیں یاد ہے۔ میں نے تمہیں پکارا تم نے میری زبان کاٹ لی۔ اور میں نے قلم اٹھایا اور تم نے میرے ہاتھ قلم کر دیئے۔ میں نے چلنا چاہا تم نے میرے پاؤں کاٹ دیے میں نے کروٹ لینی چاہی تم نے میری کمر توڑ دی۔

P.T.O.

(ب)

میں ان دونوں خیالوں کو وسعت دے رہا تھا، اور بے فکری کے تکیے سے لگا بیٹھا تھا کہ نیند آ گئی۔ خواب میں دیکھتا ہوں کہ سلطان الافلاک کے دربار سے ایک اشتہار جاری ہوا ہے۔ خلاصہ جس کا یہ ہے کہ ”تمام اہل عالم اپنے اپنے رنج والم اور مصائب وتکالیف کو لائیں ایک جگہ ڈھیر لگائیں“ چنانچہ اس مطلب کے لیے ایک میدان کہ میدان خیال سے بھی زیادہ وسیع تھا، تجویز ہوا اور لوگ آنے شروع ہوئے۔ میں بیچوں بیچ میں کھڑا تھا اور ان کے تماشے کا لطف اٹھا رہا۔ تھا۔ دیکھتا تھا کہ ایک کے بعد ایک آتا ہے اور اپنا بوجھ سر سے پھینک جاتا ہے، لیکن جو بوجھ گرتا ہے مقدار میں اور بھی بڑا ہو جاتا ہے، یہاں تک وہ مصیبتوں کا پہاڑ بادلوں سے بھی اونچا ہو گیا۔

2 اردو میں مضمون نگاری کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

3 محمد حسین آزاد کی مضمون نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

4 انشائیے کی تعریف کیجیے اور اس کے ارتقا پر روشنی ڈالیے۔

5 خاکہ نگاری کے فن پر بحث کیجیے۔

6 مولانا حالی کی نثر نگاری پر اظہار خیال کیجیے۔

7 شاہد احمد دہلوی کی خاکہ نگاری پر تبصرہ کیجیے۔

8 خواجہ حسن نظامی کی انشائیہ نگاری پر روشنی ڈالیے۔

9 مضمون 'انسان کسی حال میں خوش نہیں رہتا' کا خلاصہ تحریر کیجیے۔